سوال

(159) رفع یدین اور سیدنا ابن مسعود رضی اللہ عنہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک روایت میں آیا ہے : قال ابو حنیفۃ : حدثنا حماد عن ابراہیم عن علقمۃ والاسود عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان لایرفع یدیہ الاعند افتتاح الصلاۃ ثم لایعود شیٔ من ذلک.(اعلاالسنن ج 3 ص 826 حاشیہ بحوالہ کتاب الآثار لامام محمد) (محمد سعید چانڈیو)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دیوبندیوں کی اعلی السنن نامی کتاب میں روایت مذکور کو خوازمی (متوفی 665ھ) کی کتاب "جامع المسانید" (ج ا ص 353، 252) سے ابو محمد الحارثی کی سند سے نقل کیا ہے۔ (ج 3 ص 75 حاشیہ)

خوارزمی مذکور غیر موثق ہے یعنی اس کی عدالت (ثقہ وصدوق ہونا) معلوم نہیں ہے۔

ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی الاستاذ جھوٹ بولنے میں بھی پورا استاد تھا۔ اس کے بارے میں ابو احمد الحافظ اور حاکم نیشا پوری نے فرمایا : وہ حدیث گھڑتا تھا۔ (کتاب القرات للبیہقی ص 154 دوسرا نسخہ ص 178 ح 388 وسندہ صحیح)

کسی نے بھی اس کی توثیق نہیں کی۔ خطیب بغدادی اور خلیلی وغیر ہما نے اس پر جرح کی۔ حافظ ذہبی نے کہا : وہ عجیب کمزور روایتیں لاتا تھا۔ (دیوان الضعفاء ص 176 رقم 2297) نیز دیکھئے نورالعینین (ص 43)

جب محدثین کرام "متہم" کا لفظ استعمال کریں 'تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ محدثین کرام نے اسے کذاب ووضاع قرار دیا ہے۔ اس لفظ کا مطلب اردو والی تہمت لگانا نہیں ہے۔ مثلاً اسماعیل بن یحیی الشیبانی کے بارے میں حافظ ابن حجر لکھتے ہیں : متہم بالکذب" (التقریب: 145)

حالانکہ ثقہ یزید بن ہارون نے کہا :

کان اسماعیل الشعیري کذابا" اسماعیل الشعیری کذاب تھا'

(الضعفاء للعقیلی 1/92 وسندہ صحیح تہذیب الکمال 159/1 تہذیب التہذیب ج اص 293)

اس قسم کی دیگر مثالوں کے لیے التہذیب والتقریب میں کذابین کے حالات پڑھ لیں۔

روایت مذکورہ میں حارثی مذکور کا استاد محمد بن زیاد الرازی ہے۔(جامع المسانید واعلاء السنن ج 3 ص 74 الاجوبۃ الفاضلہ لعبد الحئی لکھنوی ص 214)

اس کے بارے میں امام دار قطنی نے گواہی دی :

"دجال یضع الحدیث" وہ دجال تھا، حدیثیں گھڑتا تھا،(الضعفاء والمتروکون الدارقطنی : 487،لسان المیزان ج 5 ص 29)

الرازی مذکور کا استاد سلیمان الشاذکوفی ہے۔(اعلاء السنن ج 3 ص 74 مسند ابی جیفہ لعبداللہ بن محمد بن یعقوب الحارثی ص 144 ح 374)

الشاذکوفی مذکور جمہور محدثین کے نزدیک سخت مجروح ہے بلکہ اسماء الرجال کے مشہور امام یحیی معینؒ نے فرمایا : "کذاب عدواللہ کان یضع الحدیث"

وہ جھوٹا تھا۔ اللہ کا دشمن تھا۔(کتاب الجرح والتعدیل 4/115 وسندہ صحیح) مختصر یہ کہ یہ سلسلہ سند کذابین پر ہی مشتمل ہے لہذا یہ روایات امام ابو حنیفہ سے ثابت ہی نہیں ہے۔کتاب الآثار کا حوالہ میں قطعا موجود نہیں ہے۔(شہادت' جولائی 2000)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ355

محدث فتویٰ